Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ مطابق ۲۲ جنوری ۱۹۱۷ء	نمبر ۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت عبدالقادر خاں افسر کارخانجات	۱
۲	تقرر عملہ جدید پریس	رر
۳	اضافہ کپتان ڈاکٹر محمد عبدالحکیم خانصاحب	۲
۴	چٹھی خوشنودی سر محمد ود الحسین صاحب بہادر	رر
۵	اضافہ رحمت اللہ خاں و کشور دیپا کاوشت	رر
۶	اضافہ سید لطمان علی محرر جشری	رر
۷	اضافہ محمد مبارک علیخاں مہتمم مسلو خانہ	رر
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۰ جنوری ۱۹۱۷ء

محمد عبدالقادر خاں افسر کارخانجات کی درخواست رخصت یک ماہ بوجہ علالت بکار گذاری متعلقہ رخصتی سید علی اکبر مہتمم خانہ منظور فرمائی گئی -

تقرر

۱۹ جنوری ۱۹۱۷ء

باستدعا صاحب ممبر کارخانجات عملہ جدید پریس کے لیے منظور فرمایا گیا اور چونکہ [illegible]

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۱ جنوری ۱۹۱۷ء

متعدد تحریرات سے معلوم ہوا کہ کپتان ڈاکٹر عبد الحکیم خاں سیدان جنگ میں خدمات مفوضہ محنت و کوشش سے انجام دے رہے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بصلۂ حسن خدمات مبلغ پچاس روپیہ ماہوار انکی تنخواہ موجودہ میں اضافہ کیا جائے اور انکا حکم جاری ہو۔

[illegible]

حسب الحکم بندگان عالی حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم ترجمہ چٹھی مرسلہ سر تھیوڈور ماریسن صاحب بہادر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ مورخہ ۱۰۔ دسمبر ۱۹۱۶ء بنام نامی اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

یور ہائنس کی امپیریل سروس انفنٹری کو اس حصۂ ملک میں دیکھکر مجھے بہت خوشی حاصل ہوئی ہے مجھے اسکے دو دستے علیحدہ علیحدہ ملے ایک تو بیتہ میں جو زیر کمان عباس علیخاں ہے اور دوسرا جہاں **موشی** میں۔ موشی کے دستہ نے جسقدر مجھے مدد دی ہے اسکی تعریف جہانتک کیجائے وہ کم ہے۔ ضلع تمہارے چارج میں ہے اسلیے جسقدر بھی مدد مجھے ملتی ہے میں بہت خوش ہوتا ہوں خصوصاً جبکہ وہ اس فیاضی کے ساتھ اور بلا مانگے دی جائے جیسی کہ یور ہائنس کی فوج نے دی ہے۔

سب سے زیادہ میں کپتان عبد الحکیم خاں کا شکر گذار ہوں جسقدر مدد انھوں نے مجھے دی ہے اسکا اعتراف باضابطہ طور پر میں علیحدہ کر چکا ہوں اگرچہ قاعدہ میں وہ اپنے دستہ کے میڈیکل افسر ہیں مگر انھوں نے اپنی خوشی سے سول سرجن ضلع کے تمام فرائض اپنے ذمہ لے لیے ہیں۔ شفا خانہ کے انڈور اور آؤٹ ڈور مریضوں کا کام کرتے ہیں۔ شہر کی صفائی کی نگرانی کرتے ہیں اور کلب علیخاں کی معاونت سے جو ایک سب اسسٹنٹ سرجن ہیں جیلخانہ کی نگرانی بھی کرتے ہیں۔ اسکے علاوہ وہ مجسٹریٹ شہر کا کام بھی کرتے ہیں اور شفا خانہ کے قریب روزانہ کچہری کرتے ہیں۔

یہ تمام کام اپنے ذمہ لینے سے انھوں نے میرے سر سے ایک بار عظیم اُٹھا لیا ہے اور ضلع کے انتظام کی اصلاح میں میری امداد کی ہے میری رائے میں وہ ایک خاص اعزاز کے مستحق ہیں۔

جو کچھ وہ کام کر رہے ہیں وہ علاوہ انکے فرائض منصبی کے ہے اور اُن کا اپنی خوشی سے یہ خدمات بجا لانا سلطنت کی بڑی خیر خواہی ہے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۱۔ جنوری ۱۹۱۷ء

حسب تحریر منیجر صاحب اسٹیٹ ڈائرکٹریز رحمت علیخاں اکاؤنٹنٹ شکر سازی کمیشو درہ اکاؤنٹنٹ سال کا دس روپیہ اضافہ ۱۷۔ مئی ۱۹۱۶ء سے کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۳۔ جنوری ۱۹۱۷ء

حسب سفارش رجسٹرار صدر بوجہ حسن انجام خدمات متعلقہ سید نعمان علی محرر رجسٹری صدر کا دو روپیہ ماہوار اضافہ ہوا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۱۔ جنوری ۱۹۱۷ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص پانچ روپیہ اضافہ محمد مبارک شاہ خاں منصرم سلحخانہ خاص کا منظور ہوا۔

نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۵ ماہ لغایت ۲۱ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ سار		۷ ۰ سار	۷ سار	۸ سار		تحصیل شاہ آباد و تحصیل ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۹ ۰ سار		۸ ۰ سار	۱۰ سار	۱۰ سار		
نخود گندہ آمیز	۱۰ سار		۹ سار	۱۰ ۰ سار	۱۰ ۰ سار		
کسیر	۱۱ سار		۰	۰	۱۱ سار		
بسشش	۹ سار		۶ ۰ سار	۷ ۰ سار	۶ ۰ سار		
مونگ	۸ سار		۸ سار	۸ سار	۷ ۰ سار		
مکا	۱۲ سار		۱۲ سار	۱۲ سار	۱۲ ۰ سار		
جنی	۱۲ سار		۰	۱۲ ۰	۱۲ سار		
گوجئی	۱۱ سار		۰	۱۰ سار	۱۱ سار		
مسور	۰		۰	۰	۱۲ ۰ سار		
ارہر	۱۱ سار		۰	۰	۱۰ سار		
برنج	۶ سار		۸ ۹ سار	۸ سار	۷ ۰ سار		
روغن زرد	۰ ۰ ۰ سار		۰ ۰ ۰ سار	۰ ۰ سار	۰ ۰ ۰ سار		
روغن سیاہ	۲ ۰ سار		۲ سار	۲ سار	۲ سار		
روغن کنجد	۲ ۰ سار		۲ سار	۱ ۰ سار	۲ سار		
نمک سانبھر	۱۰ سار		۱۱ سار	۱۱ سار	۱۰ سار		
نمک لاہوری	۸ سار		۸ سار	۸ سار	۹ سار		
قند سیاہ دیسی	۵ ۰ سار		۷ سار	۵ ۰ سار	۵ سار		
باجرہ	۱۱ ۰ سار		۱۰ سار	۱۱ سار	۱۱ ۰ سار		